Soneri Bank

SBL/Secy/PSX/24/187
28 August 2024

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Ltd.
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
**Karachi**

***Through PUCARS & hand delivery***

Subject: **TEXT OF "NOTICE OF INTERIM DIVIDEND AND BOOK CLOSURE"**

Dear Sir,

In accordance with the Clause 5.6.9.(b) of the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, please find enclosed herewith a text of "Notice of Interim Dividend and Book Closure" which would be published on 29 August 2024.

Yours Sincerely,

SONERI BANK LTD. Soneri Bank Ltd.

**Muhammad Altaf Butt**
**Company Secretary**

Encls: a.a.

Soneri Bank

# NOTICE OF BOOK CLOSURE FOR ENTITLEMENT OF INTERIM CASH DIVIDEND FOR THE YEAR 2024

The Board of Directors of Soneri Bank Limited ("the Bank") in their meeting held on 23 August 2024 have recommended Interim cash dividend at the rate of Rs.1.25 per share i.e.12.50% for the year 2024. To determine the entitlement, the share transfer books of the Bank will remain closed from 04.09.2024 to 06.09.2024 (both days inclusive). Transfers received at M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, the Registrar and Share Transfer Agent of the Bank, by the close of the business on 03.09.2024 will be treated in time for the purposes of the entitlement of cash dividend.

Shareholders are requested to notify any change in their addresses and provide copies of their CNIC/NTN (if not provided earlier) immediately to our Registrar/Share Transfer Agent M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street-2, D.H.A, Phase VII, Karachi, Pakistan. UAN # (+9221) 111-000-322.

**Notice under Section 242 of the Companies Act, 2017 for Payment of Cash Dividend through Electronic Mode (Mandatory) and updating of International Bank Account Number ("IBAN") details**

In terms of Section 242 of the Act and Companies (Distribution of Dividends) Regulations 2017, every listed company is required to pay dividend, if any, to their shareholders compulsorily through electronic mode by directly crediting the same in their bank account.

In this respect, the Bank has previously communicated this requirement to the shareholders individually along with newspaper publications requesting to provide the International Bank Account Number ("IBAN") details; so that their withheld cash dividend could be released, however response from a very few shareholders was received.

You are therefore requested again to update your IBAN details. In this connection, CDC shareholders may submit IBAN details to your investor account services or brokers where shares are placed electronically. In case of physical holding, the shareholders are requested to submit bank mandate details to the Bank's Share Registrar. For providing the Bank Mandate details to CDC/Share Registrar, the requisite form may be downloaded from the Bank's website, direct link of which is:
https://soneribank.nyc3.cdn.digitaloceanspaces.com/wpcontent/uploads/2023/08/26093246/Bank-Mandate-Form-1.pdf

**Deduction of Tax on Cash Dividend Income and percentage of individual holding by a joint account holder**

To enable the Bank to make tax deduction on the amount of Cash Dividend, all the members whose names are not entered in the Federal Board of Revenue (FBR)'s Active Tax Payers' List (ATL), despite the fact that they are tax return filers are advised to make sure that their names are entered in the ATL, before the date of book closure, otherwise tax on their cash dividend will be deducted treating them as non-filer.

In case of a joint account, each shareholder is to be treated individually as either a filer or non-filer, and tax will be deducted on the basis of shareholding of each joint holder as may be notified by the shareholder, in writing as follows to our Share Registrar. In case, no such notification is received by us, equal deduction of tax will be made where proportionate holding is not available with us.

| Bank Name | Folio/CDS A/c No. | Total No. of Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | | |

The CNIC number/NTN details are now mandatory and are required for checking the tax status as per the ATL issued by the FBR from time to time.

As per instructions of Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) and Central Depository Company of Pakistan (CDC) Circular No.6 of 2018, the shareholders are hereby informed that the CDC has developed Centralized Cash Dividend Register (CCDR) on e-Services Web Portal which contains details of cash dividend such as either paid or unpaid, withheld by the Bank, total amount of cash dividend, tax and Zakat deductions and net amount credited into designated bank account of shareholders. The shareholders are requested to register themselves to CDC's e-Services Portal link: https://csp.cdcaccess.com.pk to obtain the aforesaid information.

**Notice under Section 72 of the Companies Act, 2017 for Deposit / Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

In accordance with Sub Section 2 of Section 72 of the Companies Act, 2017, Companies are required "to replace its physical shares with book entry form" in the manner specified by the Commission.

**Unclaimed/Unpaid Cash Dividend and Share Certificates**

In compliance of Section 244 of the Act, the Bank has already requested through individual letters to shareholders and also through newspapers to collect their unclaimed shares/unpaid cash dividend, if any. Shareholders are once again requested to lodge a claim for unclaimed shares/unpaid cash dividends with the Bank's Share Registrar i.e. M/s. THK Associates (Pvt.) Limited.

For SONER1 BANK LIMITED

**Muhammad Altaf Butt**
Company Secretary
Karachi: 29 August 2024

SONERI BANK LTD. Soneri Bank Ltd.

23x3

Soneri Bank

# نوٹس برائے کتب بندش برائے ادائیگی عبوری نقد منافع سال 2024

سونیری بینک لمیٹڈ (بینک) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 23 اگست 2024 میں سال 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے عبوری نقد منافع منقسمہ بحساب 1.25 روپے فی حصص (یعنی 12.50%) کی منظوری کی سفارش کی ہے۔ عبوری منافع کے استحقاق کیلئے بینک کی حصص منتقلی کی کتب مورخہ 4 ستمبر 2024 تا 06 ستمبر 2024 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، رجسٹرار اور بینک کے شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کو 03 ستمبر 2024 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز بروقت تصور کیے جائیں گے اور منافع منقسمہ کی ادائیگی کے حقدار ہوں گے۔

حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ۔2، ڈی ایچ اے، فیز 7، کراچی، پاکستان۔ یو اے این نمبر 322-000-111 (9221+) کو فوری مطلع کریں اور اپنے سی این آئی سی/این ٹی این کی نقول لازمی فراہم کریں، اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی ہیں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے نوٹس کے تحت نقد منافع کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار (لازمی) اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBANs) کی تفصیلات اپ ڈیٹ کرنا

کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 242 اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی کیلئے لازمی ہے کہ وہ منافع منقسمہ کی ادائیگی، اگر کوئی ہو، حصص داران کو لازمی طور پر بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے بینک اکاؤنٹ میں کریڈٹ کرے۔

اس سلسلے میں بینک حصص داران سے انفرادی طور پر اور اس سلسلے میں اخبارات میں اشتہارات کے ذریعے پہلے ہی درخواست کر چکا ہے کہ وہ اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی تفصیلات فراہم کریں تاکہ اُن کے روکے گئے ڈیویڈنڈز اُن کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کیے جائیں، تاہم اس سلسلے میں صرف چند حصص داران نے مطلوبہ تفصیلات فراہم کی ہیں۔

لہٰذا آپ سے دوبارہ درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے (IBAN) کی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کرلیں۔ اس سلسلے میں سی ڈی سی شیئر ہولڈرز (IBAN) کی تفصیلات اپنے انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا بروکرز کو فراہم کریں جہاں شیئرز الیکٹرانک فارم میں موجود ہیں۔ فزیکل شیئرز کی صورت میں حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ سی ڈی سی/شیئر رجسٹرار کو بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کرنے کیلئے مطلوبہ فارم بینک کی ویب سائٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے جس کا لنک درج ذیل ہے:

https://soneribank.nyc3.cdn.digitaloceanspaces.com/wpcontent/uploads/2023/08/26093246/Bank-Mandate-Form-1.pdf

## نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کٹوتی اور مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کی صورت میں زیر ملکیت حصص کی تفصیلات

نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کٹوتی کیلئے تمام ممبران جن کے نام ٹیکس ریٹرن فائلرز ہونے کے باوجود فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز کی فہرست میں درج نہیں ہیں، اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اُن کے نام کتب بندش کی تاریخ سے قبل ایکٹیو ٹیکس پیئرز کی فہرست میں شامل ہیں، بصورت دیگر میں اُن کے نقد منافع پر نان فائلر کی حیثیت سے کٹوتی کی جائے گی۔

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں، ہر شیئر ہولڈر کو انفرادی طور پر فائلر یا نان فائلر سمجھا جائے گا اور ہر مشترکہ مالک کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ٹیکس کٹوتی کی جائے گی، جس سے حصص داران مندرجہ ذیل کے مطابق تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو مطلع کر سکتے ہیں۔ ایسا نوٹس ہمیں موصول نہ ہونے اور شیئر ہولڈنگ کا تناسب دستیاب نہ ہونے پر مساوی ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

| Bank Name | Folio/CDS A/c No. | Total No. of Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | | |

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/NTN تفصیلات اب لازمی ہیں اور FBR کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ATL کے مطابق ٹیکس کی حیثیت کو جانچنے کیلئے ضروری ہیں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) اور سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) کے 2018 کے سرکولر نمبر 6 کی ہدایات کے تحت حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی نے ای۔ سروسز ویب پورٹل پر سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) ترتیب دیا ہے جس میں منافع منقسمہ کی تفصیلات شامل ہیں جیسا کہ ادا شدہ یا غیر ادا شدہ، بینک کی جانب سے روکے گئے، منافع منقسمہ کی کُل رقم، ٹیکس اور زکوٰۃ کی کٹوتی اور حصص داران کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کریڈٹ کی گئی کُل رقم۔ حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ سی ڈی سی کے ای سروس پورٹل لنک https://csp.cdcaccess.com.pk پر خود کو رجسٹرڈ کرائیں تاکہ مذکورہ معلومات تک اُن کی رسائی ہو۔

## ڈپازٹ/فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیلی کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت نوٹس

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے ذیلی سیکشن 2 کے تحت کمپنیز پر لازم ہے کہ وہ کمیشن کے واضح کردہ طریقہ کار کے تحت فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

## غیر دعویٰ شدہ/غیر ادا شدہ نقد منافع اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 244 کے تحت بینک نے ہر حصص داران کو انفرادی طور پر لیٹرز اور اخبارات کے ذریعے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ شیئرز/غیر ادا شدہ منافع منقسمہ اگر ہو، تو وصول کرلیں۔ حصص داران سے دوبارہ درخواست کی جاتی ہے کہ وہ غیر دعویٰ شدہ/غیر ادا نقد منافع منقسمہ کیلئے بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو اپنا دعویٰ جمع کرائیں۔

منجانب سونیری بینک لمیٹڈ

**محمد الطاف بٹ**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 29 اگست 2024

23x3